سوال

(422)اصلاح عقیدہ کےلئے مفید کتب

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عقیدہ کو سمجھنے کےلئے کون سی کتابیں مفید ہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عقیدہ وغیرہ کو سمجھنے کےلئے لوگوں کی سمجھ بوجھ اور تعلیمی استعداد کے مطابق کتابیں مفید ثابت ہوسکتی ہیں۔ ہر شخص کواپنے آس پاس کے ان علماء سے مشورہ لینا چاہیئے جو اس کی حالت' فہم وفراست اور قوت ادراک اور تحصیل علم کی استعداد سے واقف ہوں۔

اس سلسلے میں مختصر جواب کے طور پر مندرجہ ذیل مفید کتابوں کا نام لیا جاسکتا ہے۔ عقیدہ واسطیہ اور اس کی شروح' شرح عقیدہ طحاویہ' کتاب التوحید تصنیف شیخ محمد بن عبدالوہاب' اس کی شرح تیسیر العزیز الحمید۔ کشف الشبہات اور اصول ثلاثہ۔ یہ دونوں شیخ محمد ابن عبدالوہاب کی تصانیف ہیں۔ تدمریہ اور حمویہ از شیخ الاسلام ابن تیمیہ اور ابن خزیمہ کی کتاب التوحید۔ قصیدہ نونیہ اور اس کی شرح۔

واضح رہے کہ سب سے عظیم اور شرف والی کتاب ''قرآن مجید'' ہے۔ جس میں اللہ تعالیٰ نے صحیح عقیدہ وضاحت سے بیان فرمایا ہے اور اس عقیدہ کے مخالفین کی غلطی کو واضح فرمایا ہے۔ اس لئے ہم آپ کو نصیحت کرتے ہیں کہ قرآن مجید کی تلاوت کثرت سے کریں اور اس کے معانی ومطالب پر غور کریں۔ اس میں ہدایت بھی ہے اور نور بھی۔ اس میں ہر نیکی ترغیب ہے اور ہر برائی سے تنبیہ۔ جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

إِنَّ هَٰذَا الْقُرْآنَ يَهْدِي لِلَّتِي هِيَ أَقْوَمُ ... ٩ ... الإسراء

''بلاشبہ یہ قرآن وہ سیدھا راستہ دکھاتا ہے جو سب سے سیدھا ہے۔''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ دارالسلام

ج1

محدث فتویٰ